بسم اللہ الرحمن الرحیم

# دنیا میں کتنے انبیاء علیہم السلام تشریف لائے ہیں ؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

دنیا میں کتنے انبیا علیہم السلام تشریف لائے ہیں ؟

## جواب

اللہ تعالیٰ نے لوگوں کی ہدایت کے لئے حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر ہمارے نبی حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک بہت سے انبیاء اور رسول بھیجے، ان کی صحیح تعداد وہی جانتا ہے کیونکہ اس بارے روایتیں مختلف ہیں، لہٰذا ہمیں یہ اعتقاد رکھنا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ کے ہر نبی پر ہمارا ایمان ہے۔ اور اگر کہنا ہی ہو تو یوں کہا جائے کہ کم و بیش ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیائے کرام علیہم السلام اس دنیا میں تشریف لائے۔

چنانچہ صدرالشریعہ بدرالطریقہ حضرتِ علامہ مولانا مفتی محمد امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں : "انبیاء علیہم السلام کی کوئی تعداد معین کرنا، جائز نہیں، کہ خبریں اِس باب میں مختلف ہیں اور تعدادِ معین پر ایمان رکھنے میں نبی کو نبوت سے خارِج ماننے، یا غیرِ نبی کو نبی جاننے کا اِحتِمال (یعنی پہلو) ہے اور یہ دونوں باتیں (یعنی نبی کو نبوت سے خارِج ماننا، یا غیرِ نبی کو نبی جاننا) کفر ہیں۔ لہٰذا یہ اعتقاد چاہیے کہ اللہ کے ہر نبی پر ہمارا ایمان ہے۔" (بہارِ شریعت، جلد 1، صفحہ 52، عقیدہ 28، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب : مولانا جمیل احمد غوری عطاری مدنی

فتویٰ نمبر : Web-2528

تاریخ اجراء : 20 ربیع الآخر 1447ھ / 14 اکتوبر 2025ء


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net